# این بی پی موبائل بینکنگ ایپلیکیشن کے لیے شرائط وضوابط

یہ شرائط و ضوابط این بی پی موبائل بینکنگ ایپلیکیشن کے تمام استعمال کنندگان پر سروسز کے لیے لاگو ہیں (جن کی تشریح ذیل میں دی گئی ہے)

## 1- تشریحات

لاگ اِن پاس ورڈ:وہ پاس ورڈ جو این بی پی کی موبائل بینکنگ ایپلیکیشن پر رسائی کے لیے ہونے والے کسٹمر کی شناخت کی تصدیق کے لیے استعمال کیا جاتاہے۔ پہلی بار لاگ ان ہونے کے لیے استعمال ہونے والا پاس ورڈ سسٹم کا تیار کردہ ہوتا ہے اور اس کے بعد کسٹمر وقتاً فوقتاً اپنا لاگ اِن پاس ورڈ تبدیل کرسکتا ہے۔

**بینک/این بی پی :** نیشنل بینک آف پاکستان ۔

**کسٹمر:** ایسا شخص جو بینک کے پاس ایک اہل (Eligible)اکاؤنٹ کا حامل ہے۔

**ڈیوائس کا مطلب:** موبائل ، ڈیجیٹل ٹیبلٹ یا ایسے دیگر آلات جو خدمات تک رسائی کے لیے بینک کے سسٹم سے منسلک ہوں۔

**اہل اکاؤنٹ :** کسی اکاؤنٹ ہولڈر کے نام پر ایک اکاؤنٹ یا دونوں یاباقی ماندہ ?کی آپریشنل ہدایات کے ساتھ مشترکہ اکاؤنٹ ۔

**پاسورڈ:** مالیاتی اور غیر مالیاتی ٹرانزیکشنز کے لیے استعمال کیاجانے والا لاگ اِن پاسورڈ اور ون ٹائم پاسورڈ ۔

**سروسز :** تمام سہولیات بشمول این بی پی کی موبائل بینکنگ کے ذریعے فراہم کی جانے والی مالیاتی اور غیرمالیاتی سرگرمیاں۔

**بینک اسٹیٹمنٹ :** کسی مخصوص اکاؤنٹ کے حوالے سے کسی مخصوص مدت کے دوران کی جانے والی مالیاتی ٹرانزیکشنز کا خلاصہ(سمری) ۔

**ون ٹائم پاسورڈ (OTP):** مالیاتی ( بذریعہ ای میل ترسیل شدہ ) اور غیر مالیاتی ٹرانزیکشنز( ایس ایم ایس اور ای میل کے ذریعے ترسیل شدہ) میں کسی حقیقی کسٹمر کی شناخت کے لیے استعمال کیا جانے والا ایک خفیہ کوڈ ۔

**آپ یا آپ کا:** ایسے کسٹمر کا حوالہ ہیں جس کے نام پر اہل اکاؤنٹ برقرار رکھا گیا ہو۔

**کسٹمر:** این بی پی کے ساتھ کارآمد اکاؤنٹ کا حامل کوئی شخص ۔

**این بی پی ڈیجیٹل:** این بی پی کی موبائل بینکنگ ایپلیکیشن کے لیے استعمال کیا جانے والا برانڈ کا نام ۔

**شناختی کارڈ (CNIC) کی مدتِ معیاد کی تجدید**

- یہ سہولت صارفین کو اپنے کمپیوٹرائزڈ نیشنل آئیڈینٹٹی کارڈ (CNIC) کی میعاد ختم ہونے کی تاریخ این بی پی ڈیجیٹل کے ذریعے اپڈیٹ کرنے کی اجازت دیتی ہے۔
- یہ سروس صرف ان صارفین کے لیے دستیاب ہوگی جن کا CNIC ختم ہو چکا ہے لیکن این بی پی کے ریکارڈ میں اجراء کی درست تاریخ موجود ہے۔
- ایسے صارفین جن کے CNIC کی میعاد درخواست کی تاریخ سے ساٹھ (60) دن سے زیادہ باقی ہو، وہ اس سہولت کے اہل نہیں ہوں گے۔
- صارفین درست CNIC تفصیلات فراہم کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ غلط یا نامکمل معلومات کی وجہ سے سروس میں تعطل، اکاؤنٹ بلاک ہونے یا ریگولیٹری کارروائی کی صورت میں این بی پی ذمہ دار نہیں ہوگا۔
- بینک کو حق حاصل ہے کہ وہ CNIC کی تفصیلات نادرا یا کسی اور مجاز ادارے کے ذریعے تصدیق کرے اور تضاد کی صورت میں اپڈیٹ کو مسترد یا منسوخ کر دے۔

**چیک بُک کی درخواست**

- صارفین این بی پی ڈیجیٹل کے ذریعے چیک بُک کی درخواست دے سکتے ہیں۔
- چیک بُک پرنٹ کر کے صارف کے مقررہ این بی پی برانچ میں بینک کے طریقہ کار کے مطابق وصولی کے لیے دستیاب ہوگی۔
- ایک وقت میں صرف ایک فعال چیک بُک درخواست دی جا سکتی ہے۔ متعدد یا دہرائی گئی درخواستیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
- قابل اطلاق چارجز بینک کے موجودہ شیڈول آف چارجز (SOC) کے مطابق صارف کے اکاؤنٹ سے خودکار طور پر کاٹ لیے جائیں گے۔

- چیک بُک کے اجرا اور وصولی کے بعد تاخیر یا اس کے غلط استعمال کی ذمہ داری این بی پی پر نہیں ہوگی۔

**چیک کی ادائیگی روکنے کی درخواست**

- صارفین کسی ایک چیک لیف کی ادائیگی کو این بی پی ڈیجیٹل کے ذریعے روک سکتے ہیں، بشرطیکہ وہ چیک صحیح/غیر ادا شدہ اسٹیٹس میں ہو۔
- ہر درخواست پر صرف ایک چیک لیف کی ادائیگی روکی جا سکتی ہے۔ متعدد یا رینج پر مبنی درخواستیں این بی پی ڈیجیٹل کے ذریعے قبول نہیں ہوں گی۔
- قابل اطلاق چارجز بینک کے موجودہ شیڈول آف چارجز (SOC) کے مطابق صارف کے اکاؤنٹ سے کاٹ لیے جائیں گے۔
- این بی پی بہترین کوشش کی بنیاد پر اسٹاپ پیمنٹ کی درخواست پر عمل کرے گا۔ اگر چیک کی ادائیگی درخواست موصول ہونے سے پہلے ہی ہو چکی ہو تو بینک ذمہ دار نہیں ہوگا۔
- صارفین اس بات کے ذمہ دار ہیں کہ وہ چیک کی درست تفصیلات (لیف نمبر، اکاؤنٹ نمبر وغیرہ) فراہم کریں۔ غلط معلومات کی صورت میں درخواست ناکام ہو سکتی ہے جس کی ذمہ داری این بی پی پر نہیں ہوگی۔

## 2 - عمومی شرائط وضوابط

2.1 یہ سروس صرف این بی پی کے اہل اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے دستیاب ہوگا۔

2.2 این بی پی ڈیجیٹل کی خدمات حاصل کرنے کے لیے کسٹمر کو لازماً خود کو این بی پی موبائل بینکنگ ایپلیکیشن کے ساتھ خود رجسٹرڈ کرائے گا/گی

2.3 رجسٹریشن کے بعدکسٹمر کواین بی پی ڈیجیٹل تک رسائی کے لیے ابتدائی طور پرایس ایم ایس اور ای میل کے ذریعے سسٹم کا تیار کردہ ایک لاگ اِن پاسورڈ بھیجا جائے گا جسے کسٹمر کی طرف سے وقتاً فوقتاً تبدیل کیا جاسکے گا۔ لاگ اِن آپ کی طرف سے این بی پی ڈیجیٹل تک ہربار رسائی پر آپ کی شناخت کے لیے استعمال کیا جائے گا۔

2.4 آپ ناقابلِ تنسیخ اور غیر مشروط بطور پر اپنی حاصل کردہ کسی سروس اور /یا ٹرانزیکشن اور /یا سروس کے ذریعے آپ کی طرف سے دی گئی یا کی گئی کسی ہدایت کے حوالے سے کسی خطرے یا ذمہ داری کو قبول کرنے کا پابند ہونے کا اقرار کرتے ہیں۔

2.5 این بی پی ڈیجیٹل کے ذریعے پروسیس کردہ/حاصل کردہ/عمل درآمد شدہ کسی ٹرانزیکشن/سروس کے بینک کے ریکارڈز کدٹمر کی طرف سے کی گئی ایسی ٹرانزیکشن /سروسز کے لاگو اور فیصلہ کن ثبوت تصورکیے جائیں گے۔

2.6 اس سروس پرکسی ٹرانزیکشن کوپروسیس کرنے کے لیے دی گئی کوئی ہدایت واپس نہیں لی جاسکتی ۔

2.7 بینک کے کسی مجاز نمائندے (نمائندوں) کے ساتھ کسٹمر(ز) کی ٹیلیفون پر کوئی گفتگو بینک کی صوابدید پر ریکارڈ کی جاسکتی ہے جو بعدازاں بشمول دیگر امور ، مجازقانونی عدالتوں میں بطور شہادت پیش کرنے اور دیگر مقاصد کے لیے استعمال کی جاسکتی ہے۔

2.8 ان خدمات کی درخواست کرنے کے ذریعے آپ لازماً آگاہ ہیں کہ بینک کسی ٹھوس وجوہات کی بنیاد پر کوئی پیشگی نوٹس دیے بغیر کسی بھی وقت سروسز منقطع کرسکتاہے۔

2.9 تمام فیچرز بینک کی اندرونی پالیسیوں، متعلقہ قوانین اور ریگولیٹری ہدایات کے تابع ہیں۔

2.10 بینک کسی بھی مشکوک، غیر مجاز یا دھوکہ دہی پر مبنی سرگرمی کی صورت میں بغیر اطلاع کے کسی بھی درخواست کو مسترد، معطل یا ختم کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

2.11 صارفین اپنی لاگ اِن معلومات کو خفیہ رکھنے اور این بی پی ڈیجیٹل تک محفوظ رسائی کو یقینی بنانے کے ذمہ دار ہیں۔

2.12 ان خدمات کے استعمال سے پیدا ہونے والے کسی بھی بالواسطہ، نتیجہ خیز یا اتفاقی نقصان کی ذمہ داری بینک پر نہیں ہوگی، جن میں سسٹم کی عدم دستیابی، کنیکٹیویٹی کے مسائل، تیسرے فریق کے سسٹمز کی خرابی (مثلاً نادرا)، یا صارف کی غفلت شامل ہیں لیکن ان تک محدود نہیں

## 3 ۔ ڈیوائس کی مطابقت

این بی پی ڈیجیٹل موبائل بینکنگ ایپلیکیشن اسمارٹ فونز کے لیے تیار کردہ ایک نیٹو ایپ ہے جو درج ذیل پلیٹ فارمز پر چلتی ہے:

- اینڈرائیڈ فونز: اینڈرائیڈ ورژن **8.0** (او ریو) اور اس سے اوپر۔
- آئی او ایس (آئی فونز): ورژن **12.0**اور اس سے اوپر۔

- اینڈرائیڈ ورژن 8.0 سے کم پر چلنے والے ڈیوائسز پر ایپ سپورٹ نہیں کرے گی، اور کچھ فیچرز یا فنکشن دستیاب نہیں ہوں گے یا محدود ہو سکتے ہیں۔
- مطابقت اور کارکردگی ڈیوائس ماڈل، بنانے والی کمپنی اور آپریٹنگ سسٹم کے ورژن کے حساب سے مختلف ہو سکتی ہے۔
- بینک اس بات کی ضمانت نہیں دیتا کہ غیر سپورٹ شدہ یا پرانے ڈیوائسز پر ایپ مکمل طور پر درست، تیز رفتار یا بغیر کسی خرابی کے چلے گی۔
- گاہک کی اپنی ذمہ داری ہے کہ وہ ایسا ڈیوائس استعمال کرے جو مطابقت رکھتا ہو اور اپنے آپریٹنگ سسٹم کو مطلوبہ ورژن تک اپڈیٹ رکھے۔
- این بی پی کسی بھی سروس کی عدم دستیابی، کارکردگی کے مسائل یا سیکیورٹی کے خدشات کا ذمہ دار نہیں ہوگا جو پرانے یا غیر سپورٹ شدہ ڈیوائسز کے استعمال سے پیدا ہوں۔

## 4 - کسٹمر کی ذمہ داریاں اور لاگو امور

4.1 کسٹمر خدمات کے حصول کے لیے ہدایات اور سیکیورٹی پروٹوکولز اپنانے اور ایسی دیگرہدایات کی پیرویکے لیے تنہا ذمہ دار ہوگا جو بینک کی طرف سے وقتاً فوقتاً اپنی ویب سائٹ پر نوٹیفکیشن اور /یا دیگر ذرائع مثلاً ای میل /ایس ایم ایس الرٹس اور/ یا بینک کی طرف سے اس حوالے سے مناسب سمجھے جانے والے کسی دیگر طریقوں سے فراہم کی جاسکتی ہیں۔

4.2 آپ ہرگز کسی کو آپ کی طرف سے سروس استعمال کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ اس شرط کی خلاف ورزی پر این بی پی کو ایسے کسی خسارے اور/یا نقصان کے لیے ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جائے گا۔

4.3 آپ ایپلیکیشن استعمال کرتے ہوئے اپنی ڈیوائس کو ہرگز بغیر نگرانی نہیں چھوڑیں گے۔

4.4 موبائل ایپلیکیشن رجسٹریشن کے وقت فراہم کردہ ای میل ایڈریس کی صداقت کی ذمہ داری مکمل طور پر آپ پر ہے۔ غلط ای میل ایڈریس کے اندراج کی صورت میں این بی پی کسی بھی مالیاتی یا غیر مالیاتی نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

### 4.5 پاسورڈز کی حفاظت:

اپنے پاسورڈ کے حوالے سے براہ کرم درج ذیل احتیاطیں اپنائیں:

(i)آپ کو اپنا لاگ اِن پاسورڈ باقاعدگی سے تبدیل کرنا چاہیے اور سروس جب بھی تقاضا کرے ، آپ ہربار ایساکریں گے۔آپ کو وہ ایسا لاگ اِن پاسورڈ منتخب نہیں کرنا چاہیے جو آپ پہلے استعمال کرچکے ہیں۔

(ii)آپ جب بھی کوئی لاگ اِن پاسورڈمنتخب کریں ، آپ کو احتیاط کرنی چاہیے کہ ایسا پاسورڈ منتخب نہ کریں جس کا کوئی اندازہ لگاسکے ۔ اسی طرح آپ کو اپنا یا اپنے کسی رشتے دار کا نام ، تاریخ پیدائش، گھر کا پتا یا آپ کے موبائل/ٹیلی فون نمبر کا کوئی حصہ استعمال کرنے سے بھی گریز کرنا چاہیے۔

اپنے پاسورڈ کے حوالے سے کسٹمر غیر رجعی، غیر مشروط طور پر یہ یقینی بنانے کا عہد کرتا ہے کہ پاس ورڈ صیغہ راز میں رکھا جائے گا اور کسٹمر کے سونیری ایپ تک رسائی کے دوران کسی غیر مجاز شخص کو موبائل تک رسائی کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

(iii)آپ کو یہ یقینی بنانے کے لیے تمام ممکنہ اقدمات کرنے چاہیئں کہ آپ تمام مواقع پر اپنے لاگ اِن پاسورڈ کی حفاظت کریں ۔ آپ کو اپنا پاسورڈ کسی پر ،بشمول بینک کے اسٹاف ممبران،یا سروس کے حوالے سے ٹیکنیکل ہیلپ ڈیسک پر مدد دینے والے کسی شخص پرہرگز ظاہر نہیں کرنا چاہیے۔

(iv)آپ کو ایسے طریقے سے اپنے پاسورڈز ریکارڈ/محفوظ نہیں کرنے چاہئیں کہ کوئی ان کو بطور پاسورڈز شناخت کرسکے۔

(v)اگر آپ کو پتاچلے یا شک ہوجائے کہ کسی کو آپ کا لاگ اِن پاسورڈ یا اس کچھ حصہ معلوم ہے تو آپ پر لازم ہے کہ ایپ کے ذریعے فوراً اپنا لاگ اِن پاسورڈ بدل دیں۔ اگر یہ ممکن نہ ہوتو آپ کو 627-021-111-627 پر24گھنٹے کال سینٹر پر رابطے کے ذریعے بینک کو فوری اطلاع دینی چاہیے۔ سروس نیا پاسورڈ سیٹ ہونے تک کے لیے معطل کردی جائے گی ۔ براہ کرم ذہن نشیں رہے کہ مندرجہ بالا اطلاع دینے سے پہلے سروسز کے کسی غیرمجاز استعمال پر بینک کسی بھی صورت میں ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جائے گا۔

(vi)اپنے پاسورڈ یا ذاتی تفصیلات/معلومات میں کبھی کسی کو شریک نہ کریں۔ اس شرط کی خلاف ورزی کی صورت میں این بی پی رونما ہونے ہونے کسی تنازع اور/یا آپ کے برداشت کردہ کسی خسارے ، نقصان کا ذمہ دارنہیں ہوگا۔

## 4.6 بینک اسٹیٹمنٹس کی چیکنگ

اگر آپ کواپنے اہل اکاؤنٹ ( اکاؤ نٹس ) پر کی جانے والی کسی ایسی ٹرانزیکشن کا پتا چل جائے جو جائز طریقے سے یا آپ کی اجازت سے نہ کی گئی ہو تو براہ کرم 627-627-111-021پرکال کرکے فوراً این بی پی کو اطلاع دیں ۔ آپ کو یہاں مشورہ دیا جاتا ہے کہ آپ اپنے بیلنس کی رقم کی تسلی اور پارٹیز کی طرف سے جلدازجلد کارروائی کے لیے کسی مشکوک /غیرمجاز ٹرانزیکشنز (اگرکوئی ہوں) کی شناخت اور رپورٹ جمع کرانے کے لیے اپنے اہل اکاؤنٹ(اکاؤنٹس) کی اسٹیٹمنٹ/ای اسٹیٹمنٹس کی باقاعدگی سے جانچ پڑتال کریں۔

## 4.7 غیر مجاز ہدایات کے ذمہ داری

بینک کسی غیرمجاز شخص کی طرف سے آپ کے پاسورڈ کے غلط استعمال کے ذمہ دار نہیں ہوگا۔ اس حوالے سے آپ درج ذیل کے لیے ذمہ دار ہوں گے:

(i) تمام سیکیورٹی پروسیجرز /پروٹوکولز جویہاں بیان کیے گئے ہیں اور بینک کی طرف سے سے وقتاً فوقتاًجاری کی جانے والی ہدایات کی کی تعمیل کریں۔

(ii) اس سے پہلے کہ غیرمجاز ٹرانزیکشنز کی جاسکیں،بینک کو اطلاع دیں کہ آپ کے پاسورڈز (یا ان میں سے کوئی ایک) کسی اور کے علم میں ہیں یا ممکنہ طور پر ہوسکتے ہیں۔ اگر آپ نے غفلت ، دھوکادہی سے کام لیا یا کسی اور کی طرف سے بینک کے سیکیورٹی پروٹوکولز میں نقب لگانے کی کوشش میں شامل ہوئے ، تو سروسز کے غیرمجاز استعمال/تک رسائی کی وجہ سے تمام نقصانات اور اخراجات کے آپ کو ذمہ دار ٹھہرایا جائے گا۔

## 5 - اپنے کسٹمر کے حوالے سے این بی پی کی ذمہ داریاں

آپ بذریعہ ہٰذا اقرار کرتے ہیں کہ بینک کی طرف سے فراہم کردہ سسٹم کا تیار کردہ لاگ اِن پاسورڈ اورٹرانزیکشن پاسورڈ کا استعمال اور آپ کی طرف سے وقتاً فوقتاً کی جانے والی تبدیلیاں آپ کی طرف سے ٹرانزیکشن کے لیے آپ کی شناخت کے لیے مناسب ہیں۔بینک آپ کی طرف سے مزید کوئی تحریری یٰا کسی اور ذریعے سے تصدیق کیے بغیر اس سروس کے ذریعے موصول ہونے والی آپ کی ہدایات پر عمل کرنے کا ذمہ دار ہے ، خواہ وہ ہدایات حقیقتاً آپ کی طرف سے دی گئی یا آپ کی اجازت کی حامل نہ ہوں۔

## 6 - این بی پی کی اتھارٹی

آپ بینک میں رکھے گئے اپنے کسی اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) پر اوورڈرافٹ تیار کرنے کے لیے ان سروسز کو ہرگزاستعمال نہیں کریں گے اور بینک ایسی ہدایات کو قبول کرنے سے انکار کا حقدار ہے جو آپ اس حوالے سے جاری کریں گے۔ اگر کوئی غیرمجاز اوورڈرافٹ تیار کیا گیاہو، تو بینک کسی بھی وجہ سے ایسی کسی ٹرانزیکشن کے منظور ہوجانے کی صورت میں اپنی صوابدید کے مطابق مناسب کارروائی کرسکتا ہے ، بینک اسے منسوخ کرنے ، کوئی مارک اپ چارج کرنے ،مذکورہ اکاؤنٹ پر کوئی ہرجانہ اور چارجز لاگو کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

بینک آپ کو تحریری نوٹس دینے یا ہمارے دفاتر یا برانچوں یا بینک کی ویب سائٹ پر پندرہ دن پہلے نمایاں نوٹسز آویزاں کرنے یا ایس ایم ایس سروس کے ذریعے ایک پیغام بھیجنے کے ذریعے ان شرائط وضوابط کو تبدیل /ترمیم /اصلاح /نظرِ ثانی کا مطلق حق رکھتا ہے۔

بینک کسی تبدیلی کے مؤثر ہونے سے پندرہ دن پہلے آپ کو نوٹس دے گا، ماسوائے اس کے کہ سروس کی سیکیورٹی کے تحفظ یا ہمارے قابو سے باہر کسی دوسری صورتِ حال میں نوٹس نسبتاً کم مدت کے لیے ہو۔

اگر یہاں درج شرائط وضوابط کا کوئی حصہ قانوناً ناقص یاکسی اور طرح ناقابلِ اطلاق ثابت ہوجائیں تو دیگر شرائط و ضوابط مؤثر رہیں گے ۔ بینک اپنی تنہا صوابدید پر حسبِ معاملہ یہاں دی گئی کسی ایک یا زائد شرائط میں نرمی اور/یا چھوٹ دے سکتا ہے ، تاہم ایسی نرمی/چھوٹ بعدازاں اسی طرح کے یا مختلف حالات میں بطور نظیر لاگو نہیں ہوگی۔

## 7 ۔این بی پی کی ذمہ داری کی حدود

این بی پی درج ذیل میں سے کسی کے لیے ذمہ دار نہیں ہوگا:

(i)اس سروس کے ذریعے دی گئی کسی ہدایت کو منسوخ کرنا

(ii)کوئی بھی مشروط ہدایت یا ایسی ہدایت قبول کرنے سے انکارجو بینک سے کسی تھرڈ پارٹی کو این بی پی کو درکار بینکاری کے عمومی طریقہ کار کے لیے درکار وقت سے پہلے ( یا بعد) ادائیگی کا تقاضا کرتی ہو۔

(iii)این بی پی اپنی تنہا صوابدید میں اس سروس کے ذریعے جمع کرائی گئی کسی ہدایت پر عمل درآمد سے انکار کرسکتا ہے یا کسٹمر سے ایسی ہدایات کی تحریری تصدیق فراہم کا مطالبہ کرسکتا ہے۔

(iv)ایسے فنڈز کو نکالنے اور/یا ٹرانسفر کرنے کی اجازت نہیں ہوگی جو کلیئر نہ ہوئے ہوں۔

(v)کسٹمراین بی پی ، اس کے افسران، انتظامیہ اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کوکو کسی بھی ایسے خسارے، اخراجات ،نقصان ، جوابدہی ،قانونی کارروائیوں سے محفوظ اور بری الذمہ قرار دینے کا اقرار کرتا ہے جو این بی پی کی طرف سے مذکورہ ہدایات پر عمل ، یا تاخیر سے عمل یاعمل سے گریز کرنے کے نتیجے میں کسٹمر پر رونما ہوئے ہوں یا برداشت کرنے پڑے ہوں۔

(vi)جب آپ اس سروس کے ذریعہ ایک ہدایات دیتے ہیں، تو بینک اس ہدایت پر عمل کرے گا جو آپ کی طرف سے سروس کے ذریعے مطلع شدہ حتمی وقت کے مطابق ہوگی۔ بینک ان حتمی اوقات میں کسی بھی تبدیلی کے بارے میں آپ کو مطلع کرسکتا ہے.کسی اور وقت پر دی گئی ہدایات پر عمل اگلے کاروباری دن تک موقوف ہوسکتا ہے۔ ایسے ناگہانی واقعات یامجبوری والے حالات میں ، جومعقول حدتک بینک کے اختیار سے باہر ہوں ، مثلاً انٹرنیٹ فیل ہونا، کنکشن کی خرابی، مزدور وں کی ہڑتالیں،سسٹم کی خرابی اور یا بینک کے قابو سے باہرکسی دیگر وجوہ کے نتیجے میں کوئی تاخیر ہوسکتی ہے۔

## 8 ۔ ہدایات کی واپسی

ایسی صورت میں کہ آپ کوئی ہدایت دینے کے بعد بینک کو اسے واپس (reverse)لینے کی ہدایت کریں ، یہ ہماری صوابدید پر ہے کہ ہم اس ہدایت پر اس حدتک عمل کرنے کی کوشش کریں جو بینک/بینکنگ سسٹم/لاگو قوانین کے ضوابط، ہدایات، پالیسیزاور معمولات کے تحت ممکن ہے ۔

بینک ، جب خود کو ایسا کرنے میں حق بجانب سمجھے :

(i) سروس کے ذریعے دی گئی کسی ہدایت پر عمل درآمد کرسکتاہے، یا

(ii) کسٹمر سے کسی مخصوص ہدایت کی تحریری تصدیق کا مطالبہ کرسکتا ہے۔

اگر بینک سمجھتا ہوکہ بعض مخصوص ٹرانزیکشنز پر عمل درآمد کی کسی ہدایت کی آپ کی طرف سے اجازت نہیں دی گئی، وہ ایسی ٹرانزیکشن کی درستگی کی جانچ پڑتال کے لیے تمام مناسب اقدامات کرنے کا حق دار ہوگا اور شبہ ہونے پراس ہدایت کی بنیاد پر کی گئی کسی بھی کارروائی کو واپس کرسکتاہے، یہ ممکن ہے کہ بینک کے احتیاطی اقدام کی وجہ سے آپ کی ٹرانزیکشن متاثر ہوجائے جس کے لیے آپ بینک کو تمام قانونی اور انضباطی کارروائیوں کے مقابل بری الذمہ اور مامون ٹھہرائیں گے، یہ سروسزکے حصول کی شرائط میں سے ایک ہے۔

مزید برآں بینک آپ کو ہونے والے ایسے کسی براہ راست /بالواسطہ نقصان کے لیے ذمہ دار نہیں ہوگا جو ایسی کسی واپسی یا کارروائی کا نتیجہ ہو۔ آپ اقرار کرتے ہیں کہ آپ ایسی کسی لاگتوں کے لیے ذمہ دار ہوں گے جو بینک کو نتیجتاًبرداشت کرنی پڑسکتی ہیں۔

## 9 ۔ اوقاتِ کار، تبدیلیاں اور خلل

بینک آپ درست انداز میں موبائل بینکنگ کی خدمات مہیا کرنے کے لیے تمام تر مناسب اقدامات کرے گا۔ آپ قبول کرتے ہیں کہ معمول کی مینٹیننس کے تقاضوں، سسٹم کی خرابیوں، نیٹ ورک فیل ہونے، سسٹم پر بھاری ٹریفک ، حالات کی مجبوریوں اورہمارے قابو سے باہر حالات میں عام اوقاتِ کار میں سروس کی ہمیشہ دستیابی ممکن نہیں ہوتی ۔

سروس کے حوالے سے بینک کسی بھی وقت حق رکھتا ہے :

(i) دستیاب سہولیات میں سے کسی کا اضافہ کردے، تخفیف کردے ، اوریااسے معطل کردے ،

(ii) سروس ختم کردے

اگر آپ بینک کے اختیار سے باہر سے وجوہات کے باعث آپ رسائی حاصل نہ کرپائیں، اور /یا موبائل بینکنگ سروسز استعمال نہ کرپا ئیں ، جن میں موبائل فون ٹیلی کمیونیکیشن ،الیکٹریکل ، ٹیکنیکل یا نیٹ ورک فیل ہونایا خراب ہونا معمول کی مینٹیننس /اپڈیٹ کی ضروریات شامل ہیں، تو بینک ذمہ دار نہ ہوگا۔

## 10 ۔وائرسز کے خلاف

آپ یہ یقینی بنانے کے لیے تمام تر مناسب اقدامات کریں گے کہ کوئی بھی ایسی ڈیوائس ، جو آپ این بی پی ڈیجیٹل تک رسائی کے لیے استعمال کرتے ہوں ، وائرس وغیرہ سے پاک ہو اور ہر طرح سے مناسب انداز میں مینٹین رکھی گئی ہو۔

آپ لازماً یقینی بنائیں گے کہ ایسی کوئی ڈیوائس وائرسز کی زد میں آنے کے خلاف مناسب تحفظ کی حامل ہو ،جسے آپ سر وس تک رسائی کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

## 11 ۔تھرڈ پارٹی سوسز کے ذریعے موبائل بینکنگ ایپلیکیشن تک رسائی

بینک کو اپنے اختیار سے باہر ایسی کسی سروسز کے لیے، ایسی سروس کے استعمال کے نتیجے میں آپ کو ہونے والے کسی نقصان کے لیے ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جاسکتا ہے جن کے ذریعے آپ موبائل بینکنگ ایپلیکیشن تک رسائی حاصل کرتے ہیں۔آپ لازماًتمام شرائط وضوابط کی تعمیل کریں گے اور اس سے متعلق تمام چارجز ، نقصانات وغیرہ کی ادائیگی کے لیے ذمہ دار ہوں گے۔

اگر آپ پاکستان کے باہر سے سروس تک رسائی حاصل کرتے ہیں تو اس علاقائی دائرہ اختیار کے مقامی قوانین کی تعمیل آپ کی ذمہ داری ہے۔

## 12۔کسٹمر کے خسارے یا نقصان کے لیے بینک کی ذمہ داری کی حد

بینک یہ یقینی بنائے گاکہ موبائل بینکنگ ایپلیکیشن حوالے سے اس کے سسٹم میں مناسب سیکیورٹی ڈیزائن انسٹال کیے گئے ہیں اور ملک کے کسی قانون ، ضابطوں، ریگولیشنز ، گائیڈ لائنز، سرکلرز، ضوابطِ عمل اور موجودہ مارکیٹ پریکٹسز کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے ، جو بینک پر وقتاً فوقتاً لاگو ہوتے ہوں، سسٹمز کو آپریٹ کرنے میں خطرات کو کنٹرول کرنے اور محدود رکھنے کے لیے مناسب قابلِ عمل اقدامات کرے گا ۔

بینک آپ کو دستیاب سروس کے استعمال کے نتیجے میں آپ کو ہونے والے کسی خسارے یانقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا، خواہ وہ براہ راست ہویا بالواسطہ، نتیجتاً ہویا خصوصی نقصان، خواہ اس کے حوالے سے ہدایت کی جاچکی ہو۔

ایسے حالات کی مثال جس میں سروس استعمال کرنے کے نتیجے میں آپ کو ہونے والے خسارے یا نقصان کے لیے بینک ذمہ دار نہیں ہوگا (لیکن اس تک محدود نہیں ہے(

(i)کسی ایسی ہدایت پر عملدرآمد جس کے آپ کی طرف سے آنے کی معتبر طور پر تصدیق کی گئی ہے لیکن حقیقت میں وہ کسی اور کی طرف سے دی گئی ہو۔

(ii)ڈیوائس اور سروس کے درمیان کوئی عدم مطابقت

(iii) کسی بھی مشین، نظام یا مواصلات کی خرابی (ماسوائے اس کے کہ جہاں بینک کی طرف سے رسک کنٹرول اور انتظامی اقدامات اپنائے جانے ایسی خرابی کو روکا جاسکتا ہو، صنعتی تنازع یا ہمارے قابو سے باہرکوئی حالات ، جن کے نتیجے میں سروس مکمل طور پر یا جزوی طور پر دستیاب نہ ہویا سروس کے ذریعہ دی گئی ہدایات پر فوری طور پر یا بالکل عمل نہیں کیا جائے گا؛ اور

(iv) آپ سروس کے ذریعہ، یا اس کے طورپر فراہم کردہ کسی مالیاتی یا دیگر معلومات پر انحصار کررہے ہوں ۔

(v) آپ یا کسی اور کی طرف سے ڈیوائس کا غلط استعمال ۔

(vi) آپ کے اہل اکاؤنٹس کے بارے میں معلومات تک کسی کی رسائی جو جو آپ کی طرف سے سروس کے استعمال کے نتیجے میں کسی تھرڈ پارٹی کی طرف سے حاصل کی گئی ہو اور آپ کی ہدایات پر عمل درآمدپر تاخیر ہورہی ہو یا یا بینک کی طرف سے عمل درآمد نہ کیا جارہاہو۔

(vii) جیل بروکن اور/یا روٹڈ (Jailbroken and/or rooted) پر سروسز تک رسائی /کا استعمال

ایسی صورت میں بینک کسی خسارے ، بشمول بلاتحدیدان سروسز کے حوالے سے براہ راست یا بالواسطہ خسارہ، خصوصاً حادثاتی، یا نتیجتاً ہونے والے نقصانات، خساروں یا اخراجات یا استعمال یا استعمال میں ناکامی ، یاعمل درآمد میں ناکامی، خرابی، کوتاہی، خلل ، نقص،عمل درآمد یا ترسیل میں تاخیر، کمپیوٹر وائرس یا لائن یا سسٹم میں خرابی کے لیے کسی بھی صورت میں ذمہ دار نہیں ہوگا، خواہ بینک کے نمائندوں کو ایسے ممکنہ نقصانات، خساروں یا اخراجات کے بارے میں ہدایات دی جاچکی ہو۔ تاہم ایسی صورت میں کہ جہاں بینک کو سروس کے استعمال کے نتیجے میں آپ کو ہونے والے کسی خسارے یا نقصان کے لیے ذمہ دار ٹھہرایا گیا ہو، بینک صرف براہ راست خسارے یا نقصان کا ذمہ دار ہوگا جن کے عمومی صورتِ حال میں مذکورہ حالات کا نتیجہ ہونے کی معقول طور پر توقع کی جاسکتی ہواور اگر ایسا خسارہ یا نقصان صریحاًہماری سنگین غفلت یا دانستہ غلطی کا نتیجہ ہو۔

براہ کرم ذہن نشیں رہے کہ یہ سروس ایسی کوئی سہولت نہیں رکھتی کہ آپ ہمیں آگاہ کریں کہ کسی ٹرانزیکشن کا ایک مخصوص وقت تک عمل پذیرہونا آپ کے لیے یہ خصوصی طور پر اہم ہے ۔ اگر آپ کو مکمل طور پریہ یقین درکار ہے کہ آپ کی کوئی ہم تک پہنچ گئی ہے تو آپ کے لیے ضروری ہے کہ 021-111-627-627پر ہمارے اسٹاف سے رابطہ کریں ۔

بینک کی طرف سے سروس سے متعلق فراہم کردہ معلومات اور میٹیریل بشمول تحریری مواد، گرافکس، لنکس اور دیگر آئٹمز جیس دستیاب ہے کی بنیاد پر فراہم کیا جاتاہے۔ بینک اس معلومات اور میٹیریلز کے بالکل درست، کافی اور مکمل ہونے کی ضمانت نہیں دیتا اور اس معلومات اور میٹیریل میں کسی غلطیوں

یا کوتاہیوں کے لیے ذمہ داری سے واضح لاتعلقی کا اظہار کرتا ہے۔ مذکورہ معلومات اور میٹیریل سے متعلق ، قیاسی، بیانی یا قانونی، بشمول لیکن لاتحدید تھرڈ پارٹی حقوق ، عنوان، فروختگی ، کسی مخصوص مقصد کے لیے موزونیت اور وائرس سے پاک ہونے کی کسی قسم کی ضمانت نہیں دی جاتی -

آپ بینک، اس کے ملازمین اور نامزدگان یا ایجنٹوں کو فوری طور پر اور مکمل برأت کی بنیاد پر ایسی تمام کارروائیوں، کوتاہیوں ، غفلت ، قانونی کارروائیوں ، دعووں، تقاضوں، نقصانات، خساروں ( بشمول براہ راست ، بالواسطہ یا نتائجی خسارے)، لاگتوں اور اخراجات ، بشمول تمام ڈیوٹیز، ٹیکسز، یا دیگر محصولات اور قانونی لاگتوں ( مکمل تلافی کی بنیاد پر) اور دیگر ذمہ داریوں سے مامون کریں گے جو آپ کی طرف سے سروس کے استعمال کی وجہ سے آپ پر لاگو ہوں یا آپ کو برداشت کرنے پڑسکتے ہیں -

## 13. ان شرائط و ضوابط کی خلاف ورزی پر کسٹمر کی طرف سے تلافی

یہ کسٹمر کی ذمہ داری ہے کہ کسی ایسے نقصان کے لیے بینک کی تلافی کرے جو اسے کسٹمر کی طرف سے کسی شرائط و ضوابط کی خلاف ورزی کے نتیجے میں برداشت کرنا پڑا ہو۔

## 14. آپ کی طرف سے سروس کا استعمال ختم کرنا

14.1سروسز منسوخ کرنا

کسٹمر کسی بھی وقت بینک کو تحریری نوٹس دینے یا 021-111-627-627پر کال سنٹر سے رابطے کے ذریعے کسی بھی وقت این بی پی موبائل بینکنگ ایپلیکیشن کا استعمال منسوخ کرسکتا ہے اورایسی منسوخی سروسز کسٹمر کی طرف سے پہلے استعمال کردہ کسی سابقہ سروسز اوراس میں شامل مالیاتی توجہ پر اثر انداز نہیں ہوگی۔

اگر آپ ایک سے زائد اکاؤنٹس کے حامل ہیں ، تو آپ اپنی صوابدید پر ایپلیکیشن کے ذریعے یا بینک کو نوٹس کے ذریعے اطلاع دے کرکسی اہل کاؤنٹ کے حوالے سے سروس منسوخ کرسکتے ہیں۔

بینک مطلق حق محفوظ رکھتا ہے کہ بینک کی صوابدید پر کوئی وجہ ظاہرکرکے یا بغیر ظاہر کیے، آپ کو پیشگی نوٹس دے کر یا اس کے بغیرکسی بھی وقت سروس منسوخ کرسکتا ہے۔

اگر آپ کی طرف سے کسی وجہ سے سروس کا استعمال ختم ہوجائے، تویہ آپ کی طرف سے سروس کے ذریعے پہلے ہی دی گئی کسی ہدایات پر اثرانداز نہیں ہوگا۔ براہ کرم ذہن نشیں رہے کہ آپ کی طرف سے سروس کی منسوخی کی درخواست پر عمل درآمد میں کچھ وقت لگے گا اور سروس کی مکمل بندش /منسوخی سے سرانجام دی گئی تمام ٹرانزیکشنز آپ کی طرف سے بلا استثنا یا کوئی جواز پیش کیے بغیر ، کہ آپ نے اسے منسوخ کرنے کا نوٹس دے دیا تھا، بے باق کرنی ہوں گی۔

## 15. بینک کے چارجز

بینک حق رکھتا ہے کہ :

(i)سروس کے لیے فیس چارج کرکے جو ویب سائٹ پر دستیاب بینک کے شیڈیول آف چارجز کے مطابق ہوگی۔ اور

(ii) فیس اور چارجز میں موثر ہونے کی تاریخ سے 15دن پہلے نوٹس دے کر یا بینک کے شیڈیول آف چارجز کے ذریعے وقتاً فوقتاً ردوبدل کرے۔

## 16. روابط

16.1۔ کسٹمر اور بینک کے درمیان روابط، ماسوائے ایسے حالات کے ، جہاں یہ شرائط و ضوابط آپ کی طرف سے ٹیلیفون کے ذریعے ہمیں نوٹس دینے کا حوالہ دیتی ہوں، آپ ہمیں پاکستان میں ہماری کسی بھی برانچ پر ، جہاں آپ اپنا اکاؤنٹ رکھتے ہوں( یا کسی دیگر ایسے پتے پر جس کی اطلاع بینک اس مقصد کے لیے وقتاً فوقتاً آپ کو دے سکتا ہے) سروس کے حوالے سے کوئی دیگر رسمی تحریری نوٹس ( ہارڈکاپی کی شکل میں )دیں گے۔

آپ بینک کو ٹیلیفون پر بینک کے کسی نمائندے کو زبانی دی گئی ہدایات پر عمل درآمد کا مزید مجاز ٹھہراتے ہیں۔ بینک ٹیلیفون پر آپ کی شناخت کی تصدیق کا مطلق حق محفوظ رکھتا ہے۔آپ بینک کے نمائندے کی طرف سے عمومی تصدیق کے بعد کی گئی کسی بھی یاتمام ٹرانزیکشنز کے لیے ذمہ دار ہوں گے اور بینک کو ایسی ہدایات پر عمل کے لیے بینک کو ذمہ دار نہیں ٹھہرائیں گے۔

سروس کے حوالے سے کوئی شکایات پاکستان میں ہماری کسی بھی برانچ کو ، جہاں آپ اپنا اکاؤنٹ رکھتے ہوں( یا کسی دیگر ایسے پتے پر جس کی اطلاع بینک اس مقصد کے لیے وقتاً فوقتاً آپ کو دے سکتا ہے) بھیجی جائیں۔

اگر بینک آپ کو کوئی نوٹس بھیجنا چاہے ، تو بینک آپ کی طرف سے اپنے اہل اکاؤنٹس کے حوالے سے سب حالیہ استعمال کیے گئے پتے کو استعمال کرے گا۔

## 17. سروس کا معیار

17.1۔ کسٹمر کی کالز اور ہدایات کی ریکارڈنگ

ہمارے کسٹمرز اور ہمارے اسٹاف کے تحفظ اور آپ اور ہمارے درمیان کوئی تنازعات حل کرنے میں معاونت کے لیے ، آپ اعتراف کرتے ہیں:

(I) بینک اپنے اسٹاف اور سروس کے کسٹمرز کے درمیان ٹیلیفون پر کی گئی تمام گفت و شنید ریکارڈ کرے گا۔

(II) بینک کسٹمرز کی طرف سے سروس کے ذریعے دی گئی تمام ہدایات کا ریکارڈ رکھے گا ، اور

(III) بینک سروس کے معیار کی جانچ پڑتال اور بہتری کے لیے سروس کے حوالے سے کی گئی ٹیلیفونک کالز کے ریکارڈز رکھ سکتا ہے۔

## 18. سروس کے ذریعے بینک کی پروڈکٹس کی ایڈورٹائزنگ

سروس کے ذریعے بینک کی پروڈکٹس کی ایڈورٹائزنگ بینک وقتاً فوقتاً سروس کے ذریعے اپنی پروڈکٹس اور سروسز مشتہر کرسکتا ہے۔

## 19. معلومات ، میٹیریلز اور ٹریڈ مارکس کا بلا اجازت استعمال

آپ پوری طرح سمجھتے اور اقرار کرتے ہیں کہ سروسز، ٹریڈ مارکس اور سسٹمزکابشمول لیکن بلاتحدید ، بینک کے سسٹمز میں بلااجازت داخلے کے لیے استعمال ، بینک کے ٹریڈ مارکس کا غلط استعمال یا سروس کے ذریعے دستیاب کی گئی کسی معلومات کا غلط استعمال ممنوع ہے۔ سروسز کے لیے آپ کی اہلیت بینک کی طرف سے حتمی تعین سے مشروط ہے۔

## 20. انکشاف کے تقاضے

آپ بذریعہ اعتراف اور اقرار کرتے ہیں کہ اگرلاگو قوانین کی طرف سے ایسا کرنے کا تقاضا ہو، این بی پی آپ کی معلومات افشا کرسکتا ہے ،جب انکشاف (ا) عدالتوں ، ریگولیٹری یا دیگر قانونی اتھارٹیز کی طرف سے اٹھائے گئے قانونی عمل کے ساتھ ہم آہنگ ہو۔

## 21. لاگو قانون

یہ شرائط و ضوابط پاکستان کے قوانین کے تابع ہیں۔ دو نوں پارٹیاں کسی تنازع میں پاکستان کی عدالتوں کے دائرہ کار کو قبول اور تسلیم کرتی ہیں۔

## 22. متنازع ٹرانزیکشنز

22.1۔ کسی متنازع کی تحریری اطلاع تمام معاون دستاویزات کے ساتھ ٹرانزیکشن (ز) کے حوالے سے اسٹیٹمنٹ پر درج تاریخ سے 30دن کے اندر بینک کودی جائے ۔ ایسی اسٹیٹمنٹ کی تاریخ سے 30دن گزرنے کے بعد ، اسٹیٹمنٹ میں درج تمام ٹرانزیکشنز قابل قبول اور باضابطہ سمجھی اور فرض کی جائیں گی اور کسٹمر ناقابلِ تنسیخ طورپر اقرار کرتا اور حلف اٹھاتا ہے کہ مذکورہ مدت ختم ہونے کے بعدکوئی دعویٰ نہیں کرے گا اور نہ ہی کوئی تنازع اٹھائے گا۔

## 23. ڈیوائس گم ہوجانے کی صورت میں

آپ موبائل فون/ڈیوائس کی گم شدگی یا چوری کی صورت میں سم کارڈ بلاک کرنے یا موبائل فون نمبر تلف کرنے کے لیے موبائل فون سروس پرووائیڈر کو اطلاع دینے کی مکمل ذمہ داری قبول کرتے ہیں اور این بی پی اس کے نتیجے میں کسی نقصان کی کسی بھی طرح اور کسی بھی شکل میں ذمہ دار نہیں ہوگا۔

آپ اپنے فون/ڈیوائس کی گم شدگی یا چوری کی صورت میں تمام پارٹیز کے مفاد کے تحفظ کے لیے تحریری طور پر یا ہمارے کال سنٹر کو فوری کال کرکے بینک کو اطلاع دینے کا اقرار کرتے ہیں ۔ ڈیوائس کے تحفظ اور یہ یقینی بنانے کے لیے کسٹمر تنہا ذمہ دار ہے کہ جیل بروکن اور/یا روٹڈ( Jail broken and/or rooted Device) پر سروس تک رسائی /استعمال نہ کیا جائے ۔

## 24 . پے ٹو سی این آئی سی ٹرانسفر

-میں بذریعہ ہٰذا اتفاق کرتا ہوں کہ این بی پی اُن معلومات پر انحصار کرے گا جو میں اِس ٹرانزیکشن میں فنڈ ٹرانسفر کی تعمیل کیلئے فراہم کروں۔ میں جانتا ہوں کہ این بی پی کوفنڈ ٹرانسفر کیلئے بینیفیشری کی درست معلومات مع کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (صحیح المیعاد نادرا سی این آئی سی) اور موبائل نمبر (فعّال موبائل نمبر)فراہم کرنا میری ذمّے داری ہے۔

-?یں بذریعہ ہٰذا اتفاق کرتا ہوں کہ فنڈز ٹرانسفر بعوض سی این آئی سی ٹرانسفر ٹرانزیکشن کا مکمل ذمّے دار ایک اکائونٹ ہولڈر کے طور پرصرف میں ہوں گا اوربرانچ لیس بینکنگ ایجنٹ پارٹنرز کی رسید کے بعد این بی پی پر اِس کے خرچ کے حوالے سے کسی قسم کی کوئی ذمّے داری نہیں ہوگی۔

-ریمٹینسز/ٹیکسز/ڈیوٹیزکیلئے اسٹینڈرڈ چارچزاور دیگر قابلِ اطلاق قوانین اور بینک کی پالیسی کے مطابق ٹیرف میرے اکائونٹ سے کاٹے جائیں گے۔

-بھیجنے والے(sender) کی درخواست پر صرف ایک بار بینیفیشری کے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ نمبر کی تبدیلی کی اجازت ہوگی۔

-میں توثیق کرتا ہوں کہ میں نے درج بالا شرائط و ضوابط کو پڑھ اور سمجھ لیا ہے اور میں اِن سے اتفاق کرتا ہوں۔

## 25. بایومیٹرک شناخت کے لیے رضامندی۔

NBP.I کی برانچ میں ریکارڈ شدہ بائیو میٹرک تصدیق کے لیے انہی اسناد کو استعمال کرنے پر اتفاق کرتے ہوئے، میں اپنے اکاؤنٹس کو محفوظ بنانے کی بنیادی اہمیت کو تسلیم کرتا ہوں۔ میں اس کے ذریعے اپنی "NBP ڈیجیٹل اور انٹرنیٹ بینکنگ" سروسز کو فعال کرنے کے لیے تصدیق کے مقاصد کے لیے اپنے بائیو میٹرک ڈیٹا کے استعمال کی اجازت دیتا ہوں۔

II بائیو میٹرک تصدیق کے اس آپشن کا انتخاب کرتے ہوئے، میں اس بہتر سہولت اور کارکردگی کو جانتا ہوں اور قبول کرتا ہوں جو یہ میرے بینکنگ کے تجربے میں لاتا ہے۔ یہ انتخاب برانچ، موبائل اور انٹرنیٹ بینکنگ سروسز کے درمیان ہموار منتقلی کی سہولت فراہم کرتا ہے، جس سے مجموعی طور پر بہتر رسائی اور سیکیورٹی میں مدد ملتی ہے۔

## 26. الیکٹرانک فنڈ (EFT):

I. اپنی منظوری اور رضامندی دیتے ہوئے، میں NBP ڈیجیٹل اور انٹرنیٹ بینکنگ کے تناظر میں اپنے اکاؤنٹ کے لیے الیکٹرانک فنڈز ٹرانسفر (EFT) فیچر کو فعال کرنے کی اجازت دیتا ہوں۔ اس سروس کو منتخب کرنے سے، میں جانتا ہوں کہ میں نامزد موبائل/انٹرنیٹ بینکنگ چینل کے ذریعے الیکٹرانک فنڈ کی منتقلی شروع کرنے کی اہلیت رکھتا ہوں۔

II EFT کے انتخاب کے مضمرات کو سمجھتے ہوئے، میں تسلیم کرتا ہوں کہ یہ خصوصیت مجھے الیکٹرانک فنڈ کی منتقلی کو موثر اور محفوظ طریقے سے کرنے کے قابل بناتی ہے۔ یہ اعتراف NBP ڈیجیٹل اور انٹرنیٹ بینکنگ کے ذریعہ فراہم کردہ الیکٹرانک فنڈز ٹرانسفر سروس سے وابستہ شرائط و ضوابط کو استعمال کرنے اور ان پر عمل کرنے کی میری رضامندی کا ثبوت ہے۔

## 27. اسلامی صارف کے لیے شرعی رہنما اصول:

مندرجہ بالا تمام شرائط و ضوابط کے ساتھ مندرجہ ذیل نکات NBP Aitemaad اسلامی صارفین پر لاگو ہیں۔

میں تصدیق کرتا ہوں کہ میں نے مندرجہ بالا شرائط و ضوابط کو پڑھا، سمجھا اور ان سے اتفاق کیا۔

I. صارف اپنا NBP ڈیجیٹل - موبائل بینکنگ ایپلیکیشن اور NBP انٹرنیٹ بینکنگ کو اجارہ کی بنیاد پر چلاتا ہے-

II صارف اس بات سے اتفاق کرتا ہے کہ NBP ڈیجیٹل موبائل بینکنگ ایپلیکیشن اور NBP انٹرنیٹ بینکنگ کو شرعی ممنوعہ پروڈکٹس کی ادائیگی کے طور پر استعمال نہیں کیا جائے گا۔

III بینک کو NBP ڈیجیٹل موبائل بینکنگ ایپلیکیشن اور NBP انٹرنیٹ بینکنگ کو فوری طور پر بلاک کرنے کا حق حاصل ہے اگر شرعی ممنوعہ پروڈکٹس کے لیے لین دین کیا جاتا ہے۔

IV اوور ڈرافٹ کی سہولت دستیاب نہیں ہے-

## 28.بایومیٹرک تصدیق کے شرائط و ضوابط۔- این بی پی ڈیجیٹل موبائل ایپلیکیشن

### 28.1.تعارف

یہ شرائط و ضوابط این بی پی ڈیجیٹل موبائل ایپلیکیشن میں بایومیٹرک تصدیق کے استعمال کو منظم کرتے ہیں۔ بایومیٹرک تصدیق کا استعمال کرکے، آپ ان شرائط و ضوابط کی پابندی پر رضامند ہوتے ہیں۔ یہ عمل نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) کے ساتھ مربوط ہے اور بعض ڈیجیٹل بینکنگ سرگرمیوں کے لیے لازمی ہے-

### 28.2.بایومیٹرک تصدیق کی ضرورت

آپ کو درج ذیل کاموں کے لیے بایومیٹرک تصدیق مکمل کرنا ہوگی:

I. این بی پی ڈیجیٹل موبائل ایپلیکیشن پر پہلی بار رجسٹریشن۔
II. موجودہ رجسٹریشن کو اپ گریڈ کرنا۔
III. نئے ڈیوائس کو ڈیجیٹل بینکنگ کے لیے رجسٹر کرنا۔
IV. کسی بھی ایسی صورت میں، جو ریگولیٹری ادارے یا این بی پی کی سیکیورٹی پالیسیوں کے تحت لازمی ہو-

### 28.3.بایومیٹرک تصدیق کا عمل

بایومیٹرک تصدیق فنگر پرنٹ یا دیگر ضروری بایومیٹرک ڈیٹا کے ذریعے کی جائے گی۔ آپ کے بایومیٹرک ڈیٹا کی تصدیق نادرا کے ریکارڈ سے کی جائے گی۔ تصدیق کے نتائج آپ کی این بی پی ڈیجیٹل موبائل ایپلیکیشن تک رسائی اور استعمال کا فیصلہ کریں گے۔

### 28.4.ناکام بایومیٹرک تصدیق اور متبادل عمل

اگر آپ کی بایومیٹرک تصدیق مسلسل ناکام ہوتی ہے، تو آپ کو قریبی این بی پی برانچ جانا ہوگا تاکہ تصدیق مکمل کی جا سکے:

I. موبائل ایپلیکیشن رجسٹریشن کے لیے۔
II. ڈیوائس چینج کے لیے۔

برانچ میں کامیاب تصدیق کے بعد، آپ کے بایومیٹرک ریکارڈ اپ ڈیٹ ہو جائیں گے، اور آپ 24 گھنٹوں کے اندر دوبارہ رجسٹریشن کی کوشش کر سکتے ہیں۔ اگر مقررہ وقت میں رجسٹریشن مکمل نہ کی گئی تو دوبارہ بایومیٹرک تصدیق کرنا ہوگی۔

## 28.5.استثنیٰ اور چھوٹ

اگر کسی جائز وجہ سے بایومیٹرک تصدیق ممکن نہ ہو (جیسے طبی مسائل یا بایومیٹرک مسائل)، تو آپ استثنیٰ کی درخواست کر سکتے ہیں۔ یہ درخواست این بی پی برانچ میں ذاتی طور پر دی جائے گی، اور بینک اپنی پالیسیوں اور ریگولیٹری ہدایات کے مطابق اس کی منظوری یا انکار کر سکتا ہے۔

## 28.6.ڈیٹا کا تحفظ اور رازداری

این بی پی آپ کے بایومیٹرک ڈیٹا کی حفاظت اور رازداری کو یقینی بناتا ہے۔
آپ کا بایومیٹرک ڈیٹا:

I. متعلقہ قوانین اور ضوابط کے مطابق محفوظ اور پراسیس کیا جائے گا۔
II. کسی غیر مجاز فریق کے ساتھ شیئر نہیں کیا جائے گا۔
III. صرف این بی پی کے ڈیجیٹل نظام میں تصدیق کے لیے استعمال ہوگا۔
IV. ریگولیٹری ہدایات کے مطابق مخصوص مدت تک محفوظ رکھا جائے گا۔

## 28.7.ریگولیٹری مطابقت

یہ بائیو میٹرک تصدیق کی شرط، اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) کے جاری کردہ بی پی آر ڈی سرکلر 04 آف 2023 کی روشنی میں نافذ کی گئی ہے۔ نیشنل بینک آف پاکستان (این بی پی) کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ بدلتے ہوئے ریگولیٹری تقاضوں کے مطابق ان شرائط و ضوابط کو نیا رنگ دے، انہیں سنوارے یا بہتر کرے، تاکہ وقت کے تقاضے پورے کیے جا سکیں۔

## 28.8.صارف کی ذمہ داریاں

این بی پی ڈیجیٹل موبائل ایپلیکیشن کے صارف کے طور پر، آپ اس بات سے متفق ہیں کہ:

I. بایومیٹرک تصدیق کے لیے درست ڈیٹا فراہم کریں۔
II. یقینی بنائیں کہ آپ کا بایومیٹرک ڈیٹا غلط استعمال یا چوری نہ ہو۔
III. کسی بھی غیر مجاز رسائی یا فراڈ کی فوری اطلاع دیں۔
IV. اگر مسلسل بایومیٹرک تصدیق ناکام ہو تو جلد از جلد این بی پی برانچ سے رجوع کریں۔

## 28.9.ذمہ داری کی حدود

این بی پی درج ذیل معاملات میں کسی بھی نقصان، نقصان یا غیر مجاز رسائی کا ذمہ دار نہیں ہوگا:

I. غلط یا پرانے بایومیٹرک ریکارڈ کی وجہ سے بایومیٹرک تصدیق کی ناکامی۔
II. صارف کی لاپرواہی کی وجہ سے بایومیٹرک ڈیٹا کا غیر مجاز استعمال۔
III. تکنیکی مسائل، غیر مطابقت پذیر ڈیوائسز، یا بایومیٹرک سروسز کی عارضی عدم دستیابی۔
IV. کسی بھی ریگولیٹری ادارے کی جانب سے اضافی تصدیقی اقدامات کی ضرورت۔

## 28.10.شرائط و ضوابط میں تبدیلیاں

این بی پی کسی بھی وقت ان شرائط و ضوابط کو اپ ڈیٹ یا تبدیل کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ صارفین کو کسی بھی اہم تبدیلی کے بارے میں این بی پی کی آفیشل ویب سائٹ اور موبائل ایپلیکیشن کے ذریعے مطلع کیا جائے گا۔

بایومیٹرک تصدیق جاری رکھنے سے، آپ تصدیق کرتے ہیں کہ آپ نے ان شرائط و ضوابط کو پڑھا، سمجھا اور ان سے اتفاق کیا ہے۔

مزید مدد یا معلومات کے لیے، براہ کرم این بی پی کے کسٹمر سپورٹ سے رابطہ کریں یا اپنے قریبی این بی پی برانچ کا دورہ کریں۔